web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

روزنامہ

پرل ویو

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

راولاکوٹ

اسلام آباد

جلد:10	جمعۃ المبارک 29 مارچ 2024ء 18 رمضان المبارک 1445ھ 16 چیت 2081 ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ 040

Email: dailypearlview@gmail.com

وائس چانسلر جامعہ پونچھ

اعلیٰ معیار کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور تبدیلی کو اپنانا ہوگا

اعتماد اور جوابدہی کے عمل کو یقینی بنائیں گے، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ماحول کی فراہمی سے ہی کمیونٹی اور طلبہ کے اعتماد میں اضافہ ہوگا

ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر کا ڈینز اور صدور شعبہ جات کے اجلاس میں اظہار خیال، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالروف، ڈاکٹر عبدالخالق اور دیگر کی شرکت

راولاکوٹ (پرل نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے یہاں مختلف فیکلٹیز کے ڈینز اور صدور شعبہ جات کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سازگار تدریسی و تحقیقی ماحول کی فراہمی کیلئے انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر نے فیکلٹی ممبران کو ہدایت کی وہ تمام شعبوں میں تعلیمی معیار کی مزید بہتری کیلئے تدریسی طریقہ کار اور نصاب کی ترقی کیلئے جدید طریقہ کار کو اپنائیں۔ تعلیمی میدان میں جس تیز رفتاری (بقیہ 01 صفحہ 03)

راولاکوٹ، وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر فیکلٹیز کے ڈینز اور صدور شعبہ جات کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالروف اور دیگر بھی موجود ہیں

کیساتھ تبدیلیاں رونما ہورہی ہیں اساتذہ کو اس سے لازمی طور نہ صرف اس سے آگاہ رہنا ہوگا بلکہ اس کو اپنانا بھی ہوگا۔ کمیونٹی اور طلبہ کے اعتماد میں بھی اسی صورت اضافہ ہوگا جب ہم ان کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی ماحول فراہم کریں گے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ پیشہ وارانہ ترقی کیلئے تحقیق اور پیداواری صلاحیت میں اضافے اور ابلاغی مہارتوں میں اضافے کیلئے اساتذہ کیلئے کانفرنسز، ورکشاپس اور دیگر تربیتی پروگراموں میں شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔ انھوں نے کہا کہ ہم نے اعتماد اور جوابدہی کے کلچر کو فروغ دینا ہے۔ اجلاس میں رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈین مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈین میڈیکل ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق، ڈین انجینئرنگ پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر امتیاز احمد سمیت صدور شعبہ جات نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیکلٹی ممبران نے تدریسی امور کی مزید بہتر انداز میں انجام دہی کیلئے تجاویز دیں جبکہ درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ وائس چانسلر نے کہا کہ سازگار ماحول کی فراہمی کے راستے میں ساری رکاوٹیں دور کریں گے انھوں نے کہا کہ چند ماہ میں انشاءاللہ انفرا اسٹرکچر کے مسائل بڑی حد تک حل ہوجائیں گے۔ اجلاس میں مینجمنٹ سائنسز کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر جواد زرین اور شعبہ کمپیوٹر سائنسز کی ڈاکٹر لبنیٰ ظفر نے جامعہ سے متعلق فیکلٹی وائز پریزنٹیشن دی جس میں سٹوڈنٹس، ٹیچر کا تناسب، مجموعی انرولمنٹ سمیت اہم امور سے متعلق بریف کیا۔ وائس چانسلر نے فیکلٹی ممبران کی جانب سے دی گئی تجاویز کو سراہا اور کہا کہ ان تجاویز پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا